
# ڈارک ویب

## جائزہ

آپ نے دوسروں سے یا میڈیا پر «ڈارک ویب» کی اصطلاح سنی ہو گی اور سوچا ہو گا کہ «ڈارک ویب کیا ہے؟» یا «کیا مجھے اس کے بارے میں کچھ کرنا چاہیئے؟» آج ہم آپ کو بتائیں گے کہ ڈارک ویب کیا ہے اور آپ کے لیئے اس کی کیا اہمیت ہے-

## ڈارک ویب کیا ہے؟

ڈارک ویب انٹرنیٹ پر موجود ان سسٹمز کا مجموعہ ہے جنہیں خاص طور پر مواصلات یا معلومات کے اشتراک کے لیئے بنایا گیا ہے- یہاں ایک اہم بات یہ ہے ڈارک ویب کوئی ایک نہیں ہے، یہ فیس بک کی طرح کی چیز نہیں ہے جسے صرف ایک تنظیم چلا رہی ہو- ڈارک ویب اس کے بجائے مختلف سسٹمز اور نیٹ ورکس کا مجموعہ ہے جسے کئی لوگ مختلف مقاصد کے لیئے استعمال کرتے ہیں- یہ سسٹمز انٹرنیٹ کا حصّہ ہوتے ہیں لیکن آپ کو یہ اکثر عام سرچ انجنز پر نہیں ملیں گے- اکثر یہ بھی ہوتا ہے کہ آپ کو ان تک رسائی کے لیئے اپنے کمپیوٹر میں کچھ خاص سافٹ ویئر چاہیئے ہوتے ہیں- اس کی ایک مثال ٹار پراجیکٹ (Tor Project) ہے- ڈارک ویب تک رسائی کے لیئے آپ کو ٹار براؤزر ڈاؤن لوڈ اور انسٹال کرنا پڑتا ہے- جب آپ ٹار براؤزر کے ذریعے ویب سرورز سے منسلک ہوتے ہیں تو آپ کی تمام انکرپٹڈ ٹریفک ایسے کمپیوٹرز کے ذریعے گزرتی ہے جو ٹار استعمال کر رہے ہوتے ہیں- یہ ٹریفک جیسے جیسے ان کمپیوٹرز سے گزرتی جاتی ہے، ان کی source IP تبدیل ہوتی رہتی ہے یعنی جب آپ کسی ویب سائٹ پر جاتے ہیں تو آپ کی تمام تر آن لائن سرگرمی گمنام رہتی ہے- ڈارک ویب کی دوسری مثالوں میں Zeronet, Freenet اور I۲P شامل ہے-

## ڈارک ویب استعمال کون کرتا ہے؟

سائبر مجرمان ڈارک ویب کے سب سے بڑے صارف ہوتے ہیں- وہ ڈارک ویب میں ویب سائٹس اور فورمز کو منظّم کرتے ہیں تاکہ اس کے ذریعے اپنی مجرمانہ سرگرمیوں کو گمنام رہ کر اور محفوظ طریقے سے جاری رکھ سکیں جیسے کہ منشیات خریدنا یا گیگا بائٹس میں موجود ہیک شدہ معلومات کو بیچنا- مثال کے طور پر جب ایک سائبر مجرم کسی بینک یا آن لائن شاپنگ اسٹور کو ہیک کرتا ہے تو وہ وہاں سے ممکنہ حد تک معلومات کو چراتا ہے اور پھر اسے ڈارک ویب پر موجود ویب سائٹس کے ذریعے دوسرے سائبر مجرمان کو بیچ دیتا ہے-

ڈارک ویب کے جائز استعمال بھی ہیں- مثال کے طور پر ان ممالک میں جہاں بے تحاشہ سینسر شپ ہے وہاں لوگ گمنام رہتے ہوئے اور اپنی پرائیویسی کا تحفّظ کرتے ہوئے ڈارک ویب نیٹ ورکس کے ذریعے معلومات کا اشتراک کر سکتے ہیں اور دیکھ سکتے ہیں کہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے- صحافی، معلومات افشاں کرنے والے اور اپنی رازداری کے بارے میں زیادہ فکرمند لوگ اپنی گمنامی کو قائم رکھنے اور سینسر شپ سے بچنے کے لیئے ڈارک ویب کا استعمال کر سکتے ہیں- اس کے علاوہ یہ لوگ ٹار براؤزر جیسی ٹیکنالوجیز کا استعمال نہ صرف ڈارک ویب سے منسلک ہونے کے لیئے کرتے ہیں بلکہ انٹرنیٹ پر گمنام رہ کر عام انٹرنیٹ استعمال کرنے کے لیئے بھی کرتے ہیں-

## مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

آپ کے پاس جب تک ڈارک ویب استعمال کرنے کی کوئی مخصوص وجہ نہ ہو، ہم آپ کو اس کے استعمال نہ کرنے کا مشورہ دیں گے- کچھ ڈارک ویب سائٹس غیر قانونی کاموں کے لیئے استعمال ہوتی ہیں- بہت ساری ویب سائٹس اپنے ہدف کو حاصل کرنے کے لیئے پیر نیٹ ورک میں موجود آپ کے کمپیوٹر کو استعمال کریں گی اور کچھ مواقع پر ہو سکتا ہے کہ آپ کے کمپیوٹر کی جانچ پڑتال کی جائے یا حملہ کیا جائے- کچھ تنظیمیں ایسی نگرانی کی خدمات کی پیشکش کرتی ہیں جن کے ذریعے وہ آپ کو یہ بتا سکتی ہیں کہ آیا آپ کا نام یا کوئی دوسری معلومات سائبر مجرمان نے چوری کی ہیں اور وہ ڈارک ویب پر موجود ہیں- اس طرح کی تنظیموں کی فراہم کردہ معلومات کتنی صحیح ہوتی ہیں، یہ ایک سوالیہ نشان ہے- اپنی حفاظت کا سب سے بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ یہ سمجھ لیں کہ آپ کی معلومات پہلے سے ڈارک ویب پر موجود ہیں اور سائبر مجرمان ان کا استعمال کر رہے ہیں- نتجتاً آپ یہ اقدامات اٹھائیں:

- **آپ کسی بھی ایسی مشکوک فون کال یا ای میل کے بارے میں محتاط رہیں جو یہ دعوہ کر رہی ہو کہ وہ کسی سرکاری تنظیم کی جانب سے ہیں اور آپ پر کچھ اقدامات اٹھانے کے لیئے دباؤ ڈالیں جیسے کہ آپ سے کسی جرمانے کو ادا کرنے کا کہیں- مجرمان آپ سے متعلق حاصل کردہ معلومات کو استعمال کرتے ہوئے آپ کو ہدف بنانے کے لیئے ذاتی حملے تخلیق کر سکتے ہیں-**
- **آپ اپنی کریڈٹ کارڈ اور بینک اسٹیٹمنٹ کا باقاعدگی سے جائزہ لیتے رہا کریں- بہتر ہو گا اگر آپ کسی بھی ٹرانزیکشن کے ہونے کی صورت میں روزانہ کے الرٹ لگا لیں- اس طرح آپ کسی بھی مالی دھوکہ دہی کے ہوتے ہوئے اس کے بارے میں جان سکیں گے- اگر آپ کو ایسی ٹرانزیکشن کا پتہ چل جائے تو آپ اپنے کریڈٹ کارڈ کی کمپنی یا بینک کو فوراً مطلع کریں-**
- **آپ اپنے کریڈٹ اسکور کو فریز (منجمد) کر دیں- اس سے آپ کے کریڈٹ کارڈ استعمال کرنے پر کوئی اثر نہیں پڑے گا اور یہ اپنی شناخت کو چوری ہونے سے بچانے کا سب سے بہترین اور مؤثر قدم ہے جسے آپ اپنی حفاظت کے لیئے اٹھا سکتے ہیں-**

## اردو ایڈیشن

Rewterz پاکستان کی معروف انفارمیشن سکیورٹی کمپنی ہے جو پچھلے سات سالوں سے آئی ٹی سکیورٹی کے شعبے میں خدمات سرانجام دے رہی ہے - کمپنی کے بارے میں مزید معلومات کے لئے http://www.rewterz.com کا دورہ کریں یاہمارے فیس بک پیج https://www.facebook.com/Rewterz کو 'لائک' کریں یا ٹوئیٹر @Rewterz پر فالو کریں-

## مہمان مُدیر

میکہ ہافمین (@WebBreacher) اسپاٹ لائٹ انفو سیک LLC میں مرکزی تفتیش کار، SANS انسٹیٹیوٹ میں سند یافتہ معلم اور SANS کے OSINT کورسز کے مصّنف ہیں- میکہ کا سائبر سیکورٹی اور اوپن سورس انٹیلیجنس کا جذبہ ان کے پراجیکٹس، کورس ویئر اور پڑھانے کے انداز میں جھلکتا ہے-

## وسائل:

ذاتی حملے: https://www.sans.org/u/RfW
سوشل انجینئرنگ: https://www.sans.org/u/Rg1
شناخت کی چوری: https://www.identitytheft.gov
کریڈٹ منجمد کرنا: https://krebsonsecurity.com/2018/09/credit-freezes-are-free-let-the-ice-age-begin/
ٹار براؤزر: https://www.torproject.org/
SANS OSINT کورس: https://sans.org/sec487